چانسلر کا ضابطہ

NYC Department of Education

زمرہ: **طلبا** | جاری شدہ: 7/3/09 | نمبر: **A-601**

موضوع: **سرگرمیاں، کلب اور تنظیمیں** | صفحہ: 1 کا 1

تبدیلیوں کا خلاصہ

اس ضابطے کو چانسلر کے ضابطے A-601 مؤرخہ 15 فروری، 2007 پر برتری حاصل ہے-

یہ طلبا کی غیر کھیلوں کی تنظیموں اور کلبوں کے قائم کرنے کا طریقِ کار اور ان شرائط کا بنیادی خاکہ بیان کرتا ہے جس پر عمل پیرا ہونا لازمی ہے-

تبدیلیاں:

- معلوماتِ رابطہ کی تجدید کی گئی ہے

خلاصہ

یہ ضابطہ طلبا کی غیر کھیلوں کی تنظیموں اور کلبوں کے قائم کرنے کا طریقِ کار اور ان شرائط کا بنیادی خاکہ بیان کرتا ہے جس پر عمل پیرا ہونا لازمی ہے- یہ ضابطہ کے چانسلر کے ضابطے A-601 مؤرخہ 15 فروری، 2007 پر برتری رکھتا ہے-

I. طریقِ کار

A. انٹرمیڈیٹ، جونیئر ہائی اور ہائی اسکولوں میں موجود طلبا کو مساوی رسائی کے قانون اور اس ضابطے سے اتفاق کرنے والی طلبا کی تنظیموں اور کلبوں اور سیاسی، مذہبی نیز فلسفیانہ گروہوں کو منظم کرنے اور ان میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے-

B. طلبا کے کلبوں اور تنظیموں کی ممبرشپ نسل، رنگت، عقیدہ، مذہب، عمر، قومی نژاد، معذوری، شہری حیثیت، ازدواجی حیثیت، جنس اور جنسی رجحان سے قطع نظر اسکول میں موجود تمام طلبا کے لئے کھلی ہونی چاہئے-

C. طلبا کے تمام کلب اور تنظیمیں پرنسپل کی عام نگرانی کے تحت ہونی چاہئیں- تاوقتیکہ پرنسپل کی منظوری حاصل نہ ہو، طلبا کی کسی بھی تنظیم یا کلب کی کوئی بھی سرگرمی اسکول، اسکول کی ملکیت میں، یا کسی بھی اسکول کی زیر سرپرستی ہونے والی تقریب میں ہرگز عمل میں نہیں آنی چاہئے-

D. کلب اور تنظیموں کو قائم کرنے کے سلسلے میں ہر اسکول اپنی ذاتی پالیسی اور طریق کاروں کو مرتب کر سکتا ہے، بشرطیکہ وہ اس ضابطے کے مطابق ہوں-

E. کسی منشور کو حاصل کرنے کے لئے، طلبا کے ہر کلب اور/ یا تنظیم پر لازم ہے کہ:

- دلچسپی رکھنے والے طلبا کے کسی گروپ نے بنیاد ڈالی ہو؛
- ایک ایسا مقصد ہو جو اسکول کے تعلیمی اہداف کے مطابق ہو؛
- عملہ کی جانب سے ایک مشیر ہو جو محکمۂ تعلیم کا لائسنس یافتہ معلّم ہو؛
- طلبا کی حکومت نے منظور کیا ہو؛
- پرنسپل نے منظور کیا ہو جو اس منشور کو ترتیب دینے کے عمل میں حتمی فیصلہ کرنے والے ہوں گے-

F. مشیران عملہ کو پرنسپل کے طلبا کے کلب یا تنظیم کے ساتھ مشاورت کے بعد متعین کیا جائے گا-

G. طلبا کے کلب اور تنظیم کی تمام تر تقریبات یا سرگرمیوں میں کسی مشیر عملہ یا پرنسپل کے نامزد کا موجود ہونا لازم ہے-

H. طلبا کے ہر کلب یا تنظیم کے پاس فائل میں ایک آئین یا ذیلی قوانین ہونے چاہئیں جو، کم از کم، اس کے بدف، ممبر شپ، افسران کی ذمہ داریوں، انتخابات کے طریق کار اور مواخذہ کے طریق کار کی تفصیل بیان کرتے ہوں-

I. طلبا کے کلب اور تنظیمیں کسی بھی قسم کی رکنیت کی فیس لینے کی مجاز نہیں ہوں گے اور نہ ہی کسی بھی قسم کی شرائطِ داخلہ کا تقاضا کر سکتے ہیں-

J. اسکول میں خفیہ سوسائٹیوں، خفیہ کلبوں، اور خفیہ تنظیموں، بشمول گینگز، کی اجازت نہیں ہے-

K. طلبا کے کسی بھی کلب یا سرگرمی کے ذریعے جمع کی جانے والی رقم چانسلر کے ضابطے A-601 کے عین مطابق ہوگی-

II. استفسارات

اس ضابطے سے وابستہ استفسارات کو ذیل کے پتہ پر بھیجیں:

ٹیلی فون: (212) 374-6807	*Office of Youth Development* N.Y.C. Department of Education 52 Chambers St - Room 218 New York, NY 10007	فیکس: 212-374-5751